**Shabbir / Fazil**

**26-07-2026**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں اسعد اللہ

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---

1- حکومت کی جانب سے مطالبات تسلیم کیے جانے کے بعد CJP نے اپنا احتجاج واپس لے لیا ہے۔

2- دھرمیندر پردھان کے استعفے کے بعد مرکزی وزیر پرہلاد جوشی کو نیا وزیرِ تعلیم مقرر کیا گیا ہے۔

3- حکومت کل لوک سبھا میں سرکاری امتحانات (غیر منصفانہ طور طریقوں کی روک تھام) ترمیمی بل، 2026 پیش کرے گی۔

4- وزیرِ اعظم نریندر مودی آج دن میں 11 بجے من کی بات پروگرام میں اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔

5- 1999 کی کرگل جنگ میں اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے بھارتی فوجیوں کی بہادری کو خراجِ عقیدت پیش کرنے کے لیے آج کرگل وِجے دِوس منایا جا رہا ہے۔

6- اناہت سنگھ نے عالمی جونیئر اسکواش چیمپئن شپ کے لڑکیوں کے سنگلز کا خطاب جیتنے والی پہلی بھارتی کھلاڑی بن کر تاریخ رقم کی ہے۔

6- اور، FIH یوتھ ہاکی ایشیائی چیمپئن شپ میں بھارت کے جونیئر مردوں کی ٹیم نے پاکستان کو ایک کے مقابلے تین گول سے شکست دے کر سونے کا تمغہ جیتا، جبکہ خواتین کی ٹیم نے چاندی کا تمغہ حاصل کیا۔

**(Music)**

اب خبریں تفصیل سے۔

**Govt of CJP Talks**

حکومت کی جانب سے مطالبات تسلیم کیے جانے کے بعد کاکروچ جنتا پارٹی CJP نے اپنا احتجاج واپس لے لیا ہے۔ مرکزی وزراء جے پی نڈا اور ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کل CJP کے وفد کے ساتھ تیسرے دور کی بات چیت کی، جس میں امتحان کے نظام میں اصلاحات اور پیپر لیک کی روک تھام کے اقدامات پر توجہ مرکوز کی گئی۔

نئی دلی میں CJP کے وفد کے ساتھ ایک مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے جناب جے پی نڈا نے کہا کہ حکومت نے CJP کے اس مطالبے کو تسلیم کر لیا ہے کہ مظاہرین کے خلاف کوئی کارروائی نہیں کی جائے گی اور ان کے خلاف کوئی FIR درج نہیں کی جائے گی۔

**S/B J.P.Nadda on Agenda**

امتحان کے نظام میں اصلاحات کیلئے CJP کی جانب سے پیش کیے گئے پانچ نکاتی چارٹر کے بارے میں جناب نڈّا نے کہا کہ حکومت اِن تجاویز پر سنجیدگی سے غور کرے گی اور CJP کے ساتھ مشاورت کے بعد جو کچھ ممکن ہو سکے گا، وہ کیا جائے گا۔

CJP کے اعلیٰ ترجمان سوربھ داس نے نیک نیّتی کے اظہار کے طور پر احتجاج واپس لینے کا اعلان کیا اور امید ظاہر کی کہ طے شدہ شرائط پر مقررہ مدت کے اندر عمل درآمد کیا جائے گا۔

**S/B : Saurav Das**

اِس دوران CJP کے قومی ترجمان اشوتوش رانا نے تمام مظاہرین سے اپیل کی کہ وہ فوری طور پر اپنا احتجاج ختم کردیں اور پرامن طریقے سے اپنے گھروں کو واپس لوٹ جائیں۔x

**Joshi Education Minister**

دھرمیندر پردھان کے استعفے کی بعد مرکزی وزیر پرلہاد جوشی نئے وزیرِتعلیم ہوں گے۔ جناب جوشی کو اُن کے موجودہ قلمدان کے علاوہ وزارتِ تعلیم کا بھی چارج دیا گیا ہے۔ جناب جوشی فی الحال غذا، صارفین کے امور اور عوامی نظامِ تقسیم اور نئ اور قابلِ تجدید توانائی جیسی وزارتوں کے بھی وزیر ہیں۔ اعلان کے بعد میڈیا سے بات کرتے ہوئے جناب جوشی نے کہا کہ وہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت اور رہنمائی کے تحت محکمے میں امیدوں کو پورا کرنے کیلئے بھرپور کوشش کریں گے۔

**S/B - Pralhad Joshi - Hindi**

اس دوران صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے فوری طور سے مرکزی وزارتی کونسل سے دھرمیندر پردھان کا استعفیٰ منظور کر لیا ہے۔ x

**Parliament BIll**

حکومت کل لوک سبھا میں سرکاری امتحانات (غیر منصفانہ طور طریقوں کی روک تھام) ترمیمی بل 2026 پیش کرے گی۔ یہ بل ایوان کی کل کی کارروائی کے ایجنڈے میں شامل ہے۔ اِس بل کا مقصد سرکاری امتحانات (غیر منصفانہ طور طریقوں کی روک تھام) ایکٹ 2024 میں ترمیم کرنا ہے۔ یہ بل مرکزی وزیر ڈاکٹر جیتیندر سنگھ پیش کریں گے۔

مرکزی کابینہ نے جمعے کو تیزی سے کام کرنے والی عدالتیں قائم کرنے اور پیپر لیک سے نمٹنے اور امتحان میں غلط طریقے اپنانے پر سخت سزا کو یقینی بنانے سے متعلق، بل کے ایک مسودے کو منظوری دی تھی۔ x

**PM Mann Ki Baat**

وزیر اعظم نریندر مودی آج دن میں گیارہ بجے آکاشوانی پر ''من کی بات'' پروگرام میں ملک اور بیرون ملک، لوگوں سے

اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔ یہ ماہانہ ریڈیو پروگرام کا 136 واں نشریہ ہوگا۔ یہ پروگرام آکاشوانی اور دوردرشن کے تمام نیٹ ورک، AIR نیوز کی ویب سائٹ اور newsonair موبائل ایپ پر بھی نشر کیا جائے گا۔ اِسے AIR نیوز، ڈی ڈی نیوز، وزیر اعظم کے دفتر اور اطلاعات ونشریات کی وزارت کے یوٹیوب چینلوں پر بھی براہِ راست سنا جاسکے گا۔ ہندی نشریے کے فوراً بعد آکاشوانی سے اِس پروگرام کو علاقائی زبانوں میں نشر کیا جائے گا۔x

**PM Viksit Bharat VIllage**

وزیرِ اعظم نریندر مودی آج شام ساڑھے چار بجے ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے وکست وائبرینٹ وِلیج پروگرام 2026 کے شرکاء سے بات چیت کریں گے۔

ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ ملک کی تمام ریاستوں اور مرکز کے زیرِ انتظام علاقوں کی نمائندگی کرنے والے 400 سے زیادہ نوجوان شرکاء وزیرِ اعظم سے براہِ راست بات چیت کریں گے۔

پیش ہے ایک رپورٹ

**V/C Saklen Akhtar**

وکست وائبرینٹ ولیج پروگرام 2026 پچھلے مہینے 4 سے 30 تاریخ تک دو مرحلوں میں منعقد کیا گیا، جس کے تحت لداخ، ہماچل پردیش اور اتراکھنڈ کے 74 درخشاں گاؤں کا احاطہ کیا گیا۔ اس پروگرام کے شرکاء کا انتخاب ملک گیر آن لائن کوئز مقابلے کے ذریعے کیا گیا، جس میں تین لاکھ سے زیادہ نوجوانوں نے حصہ لیا۔

اس پروگرام کے دوران شرکاء نے مقامی برادریوں کے ساتھ رہ کر مختلف سرگرمیوں میں حصہ لیا، جن میں صفائی مہم، سرکاری اسکیموں سے متعلق آگاہی مہم، یووا سمیلن، ثقافتی تبادلے کے پروگرام، شجرکاری مہم، منی ماڈل پنچایت کی مشق، مقامی دستکاروں سے بات چیت اور اسٹریٹجک اہمیت کے حامل اداروں کے دورے شامل تھے۔

اس پروگرام نے شرکاء کو سرحدی علاقوں کے سماجی و اقتصادی حالات، ثقافتی ورثے اور ترقیاتی امنگوں کا براہِ راست مشاہدہ کرنے کا موقع فراہم کیا۔ اس کے علاوہ اِس پروگرام نے عوامی شمولیت، قومی یکجہتی اور سرحدی گاؤں کی اسٹریٹجک اہمیت کے بارے میں گہری سمجھ کو فروغ دیا۔

وکست وائبریَنٹ ولیج پروگرام، جسے مائی بھارت کے ذریعے نافذ کیا جا رہا ہے، وزیرِ اعظم کے اس نظریے کو حقیقت بنانے کے لیے تیار کیا گیا ہے کہ بھارت کے سرحدی گاؤں کو ملک کے پہلے گاؤں کے طور پر دیکھا جائے اور انہیں وکست بھارت کی

جانب سفر میں فعال شراکت دار بنایا جائے۔
نئی دلی سے ثقلین اختر کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں .......

**BREAK**

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**Prez Visit**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، Moldova، شمالی مقدونیہ اور رومانیہ کا اپنا سرکاری دورہ مکمل کرنے کے بعد آج صبح نئی دلّی پہنچ گئی ہیں۔ اپنے دورے میں صدر جمہوریہ نے تینوں یوروپی ملکوں کے ساتھ بھارت کی اسٹریٹیجک ساجھیداری کو مستحکم کرنے اور باہمی مفادات کے شعبوں میں اشتراک کو وسعت دینے کے مقصد سے اعلیٰ سطحی مصروفیات کا انعقاد کیا۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

**V/C - Suhashree**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کے دورے کے دوران کئی تاریخی حصولیابیاں ہوئیں، جن میں کسی بھارتی صدر جمہوریہ کے Moldova اور شمالی مقدونیہ کے پہلے سرکاری دورے اور تین دہائی بعد بھارتی صدر کا رومانیہ کا پہلا سرکاری دورہ شامل ہیں۔ اپنے پورے سرکاری دورے کے دوران صدر جمہوریہ مرمو نے سربراہانِ مملکت کے ساتھ وفد کی سطح کی بات چیت کی، کاروباری فورمز سے خطاب کیا اور بھارتی برادری سے ملاقات کی۔ صدر جمہوریہ کو رومانیہ میں بخاریسٹ یونیورسٹی آف اِکونامکس اسٹڈیز کی جانب سے اعزازی ڈگری بھی دی گئی، جو کہ بھارت اور رومانیہ کے درمیان بڑھتے تعلیمی اور عوام سے عوام رابطوں کی عکاسی کرتا ہے۔ اپنے دورے میں صدر جمہوریہ نے بھارت کی تیز رفتار معاشی ترقی، ٹکنالوجی کے میدان میں پیش قدمی اور عالمی اشتراک کے تئیں عہد بستگی کو نمایاں کیا۔

ساتھ ہی صدر جمہوریہ نے تجارت، جدّت طرازی، تعلیم، ڈیجیٹل ٹکنالوجی اور قابلِ تجدید توانائی کے شعبوں میں مضبوط تعاون کی بھی حوصلہ افزائی کی۔ صدر جمہوریہ مرمو کے دورے نے مشرقی یوروپ کے ساتھ بھارت کی مصروفیات میں گرمجوشی کو بڑھایا ہے اور Moldova، شمالی مقدونیہ اور رومانیہ کے ساتھ دوطرفہ تعلقات کو مزید وسعت دی ہے۔

سُوہاشری کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلیے میں............

**Rev. Kargil Vijay Diwas**

ملک بھر میں آج کرگل وِجے دیوس منایا جا رہا ہے۔ یہ دن اُن بھارتی فوجیوں کی بہادری کی تعظیم کے طور پر منایا جاتا ہے، جنھوں نے سال 1999 کی کرگل جنگ کے دوران اپنی جانیں قربان کر دی تھیں۔ یہ دن بھارت کی پاکستان پر فتح اور آپریشن وِجے کے کامیاب اختتام کی 27 ویں سالگرہ کے طور پر بھی منایا جاتا ہے۔ اس آپریشن کے دوران بھارتی مسلح افواج نے پاکستانی فوجیوں اور دہشت گردوں کی جانب سے دراندازی کے بعد جموں و کشمیر کے کرگل ضلع کے علاقوں کو دوبارہ حاصل کیا تھا۔ مرکزی تقریب لداخ کے دراس کی کرگل جنگی یادگار پر منعقد ہو رہی ہے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

**V/C - Anayat Ali**

دراس کی کرگل جنگی یادگار میں 27 ویں کرگل وِجے دیوس کے موقعے پر حب الوطنی پرمبنی تقریبات منعقد ہو رہی ہیں۔ مرکزی وزیر دفاع راجناتھ سنگھ کرگل جنگی یادگار پر آپریشن وِجے کے دوران بہادری کا مظاہرہ کرنے والے جانبازوں کی یادگاروں پر گلہائے عقیدت نذر کرتے ہوئے تقریبات کی قیادت کر رہے ہیں۔

وزیر دفاع کرگل جنگی یادگار کے ورچوئل واک تھرو پورٹل کا بھی افتتاح کریں گے، یادگاری کٹیا اور ویر بھومی کا دورہ کریں گے، ویر ناریوں اور ویر ماتاؤں سے ملاقات کریں گے اور شوریہ وِجے یاترا موٹر سائیکل ریلی کو جھنڈی دکھا کر روانہ کریں گے۔

کرگل وِجے دیوس، ملک کی سالمیت کی حفاظت کے تئیں بھارت کی مسلح افواج کی شجاعت، قربانی اور غیر متزلزل جذبے کی یاد دلاتا ہے۔

دراس سے عنایت علی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلیے میں............

**Rajnath Kargil Vijay Diwas**

کرگل وِجے دیوس کے موقعے پر وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے ملک کے دفاع میں اپنی جانوں کا نظرانہ پیش کرنے والے بہادر فوجیوں کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔ سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب سنگھ نے کہا کہ ملک، کرگل کی ناقابلِ رسائی پہاڑیوں میں سال 1999 میں بے مثال شجاعت کا مظاہرہ کرنے والے بہادر فوجیوں کا ہمیشہ شکرگزار رہے گا۔ جناب سنگھ نے کہا کہ اِن فوجیوں کی بے مثال بہادری، عظیم قربانی اور غیر متزلزل جذبے سے نسلوں کو حب الوطنی، فرض کے تئیں یکسوئی اور مادرِ وطن کیلئے بے نیاز ہو کر خدمت کرنے کی تحریک ملتی رہے گی۔×

**MUST ANNOUNCEMENT PUBLIC SPEAK**

آج کرگل وجے دیوس ہے۔ اس مناسبت سے ہم اپنے خصوصی سلسلہ وار پیشکش " کہانی کے پس منظر میں شخصیت" کی آئندہ قسط میں ہم ریٹائرڈ میجر، ڈی۔ پی۔ سنگھ سے گفتگو کریں گے، جو کرگل جنگ کے سابق فوجی اور بھارت کے پہلے بلیڈ رنر ہیں۔

**S/B Attached**

اس گفتگو کو سننے کے لیے سامعین آج دوپہر ساڑھے بارہ بجے 100 اعشاریہ ایک، آکاشوانی گولڈ پر نشر ہونے والا پروگرام ضرور سنیں۔ آپ یہ پروگرام NewsOnAir ایپ اور NewsOnAir کے سرکاری یوٹیوب چینل پر بھی سن سکتے ہیں۔x

**POJK Protest**

پاکستانی مقبوضہ جموں و کشمیر، PoJK میں بڑھتے احتجاج کے دوران جموں کشمیر جوائنٹ عوامی ایکشن کمیٹی، JAAC نے آج سے دو روزہ مظاہروں کا اعلان کیا ہے، جن کا اختتام مظفرآباد کی جانب لانگ مارچ سے ہوگا۔ حقوق کا مطالبہ کرنے والے رہنماؤں عمر ناظر کشمیری اور ایڈوکیٹ خواجہ مہران نے Dadyal میں مکمل بند کی اپیل کی ہے اور میرپور ڈویژن کے لوگوں سے تحریک میں شامل ہونے کی درخواست کی ہے۔ کل ظہر کی نماز کے بعد مظفرآباد کی جانب ہونے والے لانگ مارچ سے پہلے میرپور کے مظاہرین کے قافلے راول کوٹ میں جاری دھرنے میں ضم ہو سکتے ہیں۔ یہ تازہ احتجاج، بڑھتی مہنگائی، بجلی کے بڑھتے دام اور سِول حقوق پر عائد پابندیوں کے معاملے میں بڑھتے عوامی غصے کی علامت ہیں۔

اس دوران منتظمین نے پورے احتجاج کے دوران مظاہرین سے نظم و ضبط اور اتحاد برقرار رکھنے کی اپیل کی ہے۔x

**Squash**

اعلیٰ درجہ بندی کی حامل اناہت سنگھ نے، جونیئر عالمی کپ کا خطاب جیت کر، بھارت کی پہلی اسکویش کھلاڑی بن کر تاریخ رقم کی ہے۔ اناہت نے کینیڈا کے Niagara on the Lake میں جاری ورلڈ اسکویش جونیئر چیمپئن شپ 2026 میں لڑکیوں کے سنگلز کے فائنل میں، مصر کی رقیہ سلیم کو تین-صفر سے ہرایا۔ 18 سالہ بھارتی کھلاڑی نے دوسری درجہ بندی کی حامل سلیم کو گیارہ-تین، گیارہ-سات اور گیار-نو سے شکست دے کر سونے کا تمغہ جیتا۔ یہ کامیابی اس لیے بھی بڑی ہے، کیونکہ مصر کے کھلاڑیوں نے لگاتار 16 سال تک یہ خطاب اپنے نام کیا۔ تاہم اناہت نے ایک بھی میچ ہارے بغیر اس اجارہ داری کو ختم کیا۔

اناہت، جو فی الحال سینئر PSA Tour میں عالمی نمبر 20 کے پائیدان پر ہیں، اپنی تاریخی حصولیابی کو مزید نکھارنے پر توجہ مرکوز کریں گی، کیونکہ اسکویش کو سال 2028 کے لاس انجلس اولمپک میں پہلی مرتبہ شامل کیے جانے کی تیاریاں جاری ہیں۔

لڑکوں کے سنگلز میں، بھارت کی جانب سے ایشئن جونیئر چیمپئن آریہ ویر دیوان نے سب سے بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے آخری 16 کھلاڑیوں میں جگہ بنائی۔ وہیں یوشا نفیس اور گُرویر سنگھ راؤنڈ آف 32 میں باہر ہو گئے، جبکہ Purav Rambhia راؤنڈ آف 64 میں باہر ہو گئے۔x

**Hockey**

FIH یوتھ ہاکی 5s ایشیائی چیمپئن شپ میں بھارت کے مردوں کی سَب جونیئر ٹیم نے روایتی حریف پاکستان کو تین-ایک سے ہرا کر سونے کا تمغہ جیتا ہے۔ بھارتی کھلاڑیوں رومِت پال، کپتان Ketan کُشواہا اور شاہ رُخ علی کے گول نے بھارت کو ایشیائی چیمپئن بنایا۔ اس جیت کے ساتھ ہی مردوں کی بھارتی ٹیم نے Elite Pool Table میں سب سے اوپر جگہ بنا لی ہے۔ فائنل میں پہنچنے کے ساتھ ہی بھارت اور پاکستان دونوں نے FIH یوتھ ہاکی 5s عالمی کپ کے افتتاحی میچ کیلئے کوالیفائی کر لیا ہے۔

اِدھر خواتین کے مقابلوں میں، بھارت کی خواتین کی سَب جونیئر ٹیم کو فائنل میں چین سے سخت مقابلے کے بعد چاندی کے تمغے پر اکتفا کرنا پڑا۔

اس دوران ہاکی انڈیا نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر مردوں اور خواتین دونوں ٹیموں کیلئے نقد انعام کا اعلان کیا ہے۔ سونے کا تمغہ جیتنے والی مردوں کی بھارتی ٹیم کے ہر کھلاڑی کو دو لاکھ روپے نقد، جبکہ معاون عملے کے ہر رکن کو ایک لاکھ روپے کا نقد انعام دیا جائے گا۔ اس کے علاوہ چاندی کا تمغہ جیتنے والی خواتین کی بھارتی ٹیم کے ہر کھلاڑی کو ایک لاکھ روپے اور معاون عملے کے ہر رکن کو 50 ہزار روپے کا نقد انعام دیا جائے گا۔x

**IFFI**

قومی فلم ترقیاتی کارپوریشن NFDC نے بھارت کے 57 ویں بین الاقوامی فلم فیسٹیول IFFI کے لیے باضابطہ طور پر اندراجات طلب کیے ہیں۔ یہ فلم فیسٹیول 20 سے 28 نومبر 2026 تک گوا میں منعقد ہوگا۔

ایشیا کے اس قدیم ترین فلم فیسٹیول میں نمایاں بھارتی پینورما سیکشن شامل ہوگا، جس میں 25 فیچر فلمیں اور 20 غیر فیچر فلمیں دکھائی جائیں گی۔ اس کے علاوہ، پہلی فلم بنانے والے ہدایت کاروں اور ڈیجیٹل ویب سیریز کے لیے بھی ایوارڈز رکھے گئے ہیں۔

بین الاقوامی مقابلوں کے لیے بھی اندراجات کھلے ہیں، جن میں ICFT-UNESCO گاندھی میڈل کا مقابلہ بھی شامل ہے۔

بھارتی زمروں کے لیے اندراجات کی آخری تاریخ اگست کے وسط تک ہے، جبکہ فلم FilmFreeway کے ذریعے بین الاقوامی اندراجات جمع کرانے کی آخری تاریخ 31 اگست 2026 مقرر کی گئی ہے۔x

**IMD Weather**

بھارتی محکمہ موسمیات IMD نے وسطی مہاراشٹر اور اوڈیشہ کے علاقوں میں آج بہت شدید بارش کیلئے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ موسمیات کے محکمے نے چھتیس گڑھ، گجرات، کانکن اور گوا میں شدید سے بہت شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

IMD نے ساحلی آندھرا پردیش، مشرقی مدھیہ پردیش، مغربی بنگال کے گنگا کے میدانی علاقوں اور ہماچل پردیش میں آج شدید بارش ہونے کا امکان ظاہر کیا ہے۔ موسمیات کے محکمے کے مطابق جموں و کشمیر، لداخ، جھارکھنڈ، اتراکھنڈ، مغربی راجستھان اور ملک کے شمال مشرقی علاقوں میں بھی آج شدید بارش کی پیش گوئی کی ہے۔

موسمیات کے محکمے نے کہا کہ دلی میں آسمان ابر آلود رہے گا اور دن میں ہلکی سے بہت ہلکی بارش کا امکان ہے۔x

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

**GONG**

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......ضمیر رضوی

شکریہ -اسعد

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخباروں نے الگ-الگ خبروں کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔ روزنامہ انقلاب اور پرتاپ سمیت آج کے سبھی اخباروں نے لکھا ہے کہ وِکست درخشاں گاؤں پروگرام 2026 کے تحت وزیر اعظم نریندر مودی شرکاء سے آج بات چیت کریں گے، یہ پروگرام قومی یکجہتی، ترقی نیز سرحدی گاؤوں کی حکمتِ عملی کی اہمیت کی گہری سمجھ بوجھ کو فروغ دیتا ہے۔

’وزیر تعلیم دھرمیندر پردھان نے اپنے عہدے سے دیا استعفیٰ، پرہلاد جوشی کو وزارتِ تعلیم کا قلمدان سونپا گیا، جنتر منتر پر CJP نے اپنا احتجاج واپس لیا‘۔ اس خبر کو آج کے سبھی اخباروں نے صفحۂ اوّل پر جگہ دی ہے۔

اترپردیش کا قدیم بودھ مذہبی مقام سارناتھ یونیسکو کی عالمی میراث کی فہرست میں شامل، اس خبر کو آج کے اخباروں نے نمایاں کیا ہے۔

’آسام میں، سیلاب کی صورتحال سنگین، متاثرہ علاقوں میں امدادی اور بڑے پیمانے پر بچاؤ کارروائیاں جاری ہیں۔ اس خبر کو اخبارات نے نمایاں کیا ہے۔

اخبارات کی بین الاقوامی خبریں کچھ اس طرح ہیں:

☆ امریکہ-ایران کے درمیان جنگ بندی کیلئے سرگرمیاں تیز۔

☆ شام میں دو مسافر بسوں کے ٹکرانے سے کئی افراد، جبکہ زخمیوں کو حمص ملٹری اسپتال منتقل کیا گیا ہے۔x

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- حکومت کی جانب سے مطالبات تسلیم کیے جانے کے بعد CJP نے اپنا احتجاج واپس لے لیا ہے۔

2- دھرمیندر پردھان کے استعفے کے بعد مرکزی وزیر پرہلاد جوشی کو نیا وزیرِ تعلیم مقرر کیا گیا ہے۔

3- حکومت کل لوک سبھا میں سرکاری امتحانات (غیر منصفانہ طور طریقوں کی روک تھام) ترمیمی بل، 2026 پیش کرے گی۔

4- وزیرِ اعظم نریندر مودی آج دن میں 11 بجے من کی بات پروگرام میں اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔

5- 1999 کی کرگل جنگ میں اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے بھارتی فوجیوں کی بہادری کو خراجِ عقیدت پیش کرنے کے لیے آج کرگل وِجے دِوس منایا جا رہا ہے۔

6- اناہت سنگھ نے عالمی جونیئر اسکواش چیمپئن شپ کے لڑکیوں کے سنگلز کا خطاب جیتنے والی پہلی بھارتی کھلاڑی بن کر تاریخ رقم کی ہے۔

6- اور، FIH یوتھ ہاکی ایشیائی چیمپئن شپ میں بھارت کے جونیئر مردوں کی ٹیم نے پاکستان کو ایک کے مقابلے تین گول سے شکست دے کر سونے کا تمغہ جیتا، جبکہ خواتین کی ٹیم نے چاندی کا تمغہ حاصل کیا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---